

منشور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

منشور رسولان ہمسر محتاج بختاتم - باخاتم ومہر آمدہ منشور محمد - توریت بلاتوریہ انجیل بہ تحویل - گویان صفت وسیرت مبرور محمد

نمبر ۳۴ | مطبوعہ ۵ ذی الحجہ ۱۳۰۳ مطابق ۴ ستمبر ۱۸۸۶ء | جلد ۱۵

اشتہار یہ اخبار عشرہ واربہ مضامین تردید مذہب عیسوی چھپتا ہی قیمت سالا بحساب ۵ روپیہ بدر نوٹ نی آرڈر بنام مہتمم آنی چاہئے

بقیہ اثبات نبوت آنحضرت

(تیسرا) لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم وقال المسیح یا بنی اسرائیل اعبدوا اللہ ربی وربکم انہ من یشرک باللہ فقد حرم اللہ علیہ الجنۃ وماوٰہ النار وما للظالمین من انصار - سیپارہ ۶ سورۂ مائدہ رکوع ۱۰ - ترجمہ البتہ تحقیق کافر ہوے وہ لوگ کہ کہتے ہین تحقیق اللہ وہ ہے مسیح بیٹا مریم کا اور کہا مسیح نے اے بنی اسرائیل عبادت کرو اللہ کی جو پروردگار میرا ہے اور تمہارا تحقیق بات یہہ ہے جو کوئی شریک لاوے ساتھہ اللہ کے پس تحقیق حرام کی اللہ نے اوپر اسکے بہشت اور جگہہ اوسکی آگ ہے اور نہین واسطے ظالمون کے کوئی مددگار - پہلے آیت مین اونکو فرزند خدا کہنے سے منع فرمایا اور دوسری تیسری آیت مین انکو خدا کہنے سے منع فرمایا اور جیسا کہ مسیح نے فرمایا تہا کہ جو مجھکو خدا کہین گے وہ دوزخ کے عذابون کے مستحق ہون گے جیسا کہ اوس سے سمجھا جاتا ہے ویسا ہی خداوند کریم نے ان آیتون مین فرمادیا کہ جو لوگ ایسا کہنے سے باز نہ آئین گے وہ دوزخ مین ڈالے جائینگے -

(چوتھی بات) جو مسیح نے ارشاد فرمایا تہا کہ مین سولی نہین دیا جاؤنگا بلکہ یہوداہ سولی دیا جائیگا اور لوگ کہینگے کہ مین سولی دیا گیا اور یہہ بات آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیت کے تولد اور ری تک پوشیدہ رہی سو دیکھئے کہ یہہ آپ کا ارشاد بھی کیا ظہور مین آیا کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیت کے زمانہ تک یہود اور نصاریٰ یہی کہتے رہے کہ مسیح سولی دئے گئے مگر جب آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیت مبعوث ہوے تو علانیہ فرمادیا کہ تم غلطی مین ہو وہ صلیب نہین دئے گئے بلکہ یہوداہ اصغریوطی پھانسی دیا گیا تہا جیسا کہ فرمایا خداوند کریم نے وقولہم انا قتلنا المسیح ابن مریم رسول اللہ وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لہم وان الذین اختلفوا فیہ لفی شک منہ

مالهم به من علم الا اتباع الظن وما قتلوه یقینا
بل رفعه الله الیه وکان الله عزیزا حکیما ۵

سیپارہ ۶ سورۂ نساء رکوع ۲۲ ترجمہ اور یہ سبب
کہنے انکے کے کہ تحقیق ہمنے مار ڈالا مسیح عیسے بیٹے مریم
کے کو کہ پیغمبر اللہ کا تھا اور نہین مارا اوسکو اور نہ
سولی دی اوسکو اور لیکن شبہ ڈالا گیا واسطے اونکے
اور تحقیق جن لوگون نے اختلاف کیا بیچ اسکے البتہ
بیچ شک کے ہین اوس سے نہین واسطے اونکے ساتھ اسکے
علم مگر پیروی کرنا گمان کی اور نہین مارا اونکو یقین بلکہ
اٹھالیا اوسکو اللہ نے طرف اپنے اور ہے اللہ غالب
حکمت والا۔

(پانچوین) یہہ جو بعض عیسائی کہا کرتے ہین کہ آنحضرت
علیہ الصلوٰۃ والتحیت کے مبعوث ہونے کی کیا غرض
تھی اسکا جواب بھی مسیح نے خود ہی فرما دیا کہ جو لوگ بسبب
اس غلطی یعنے مجھکو خدا اور فرزند خدا اور مصلوب
کہنے کے دوزخ کے عذابون کے مستحق بنینگے اونکو اس
غلطی سے آگاہ کرنے اور دوزخ کے عذابون سے بچانے
کے لئے تشریف لائین گے اور جو کوئی انکی پیروی
کریگا دوزخ سے بچیگا اور جو کوئی انکار کریگا وہ دوزخ
مین جائیگا یہہ ارشاد آنجناب کا موافق استثناء
کے باب ۱۸ اور اعمال کے باب ۳ کے بشارت
کے ہے جس مین خداوند کریم نے ہمارے آنحضرت
علیہ الصلوٰۃ والتحیت کے نسبت فرمایا ہے کہ جو کوئی
اوس نبی کی نہ سنیگا وہ قوم مین نسبت کیا جائیگا
(یعنے دوزخ مین ڈالا جائیگا) سوائے ان باتون کے

جو ہم نے بیان کیین ہین اور بہت اس بشارت
سے معلوم ہوتے ہین جو صاحب غور سے دیکھینگے
انکو معلوم ہو جائیگا۔ عیسائی لوگ برنباس حواری
کے انجیل کو جسے ہم نے بشارت نقل کی ہے اب
اسکو جعلی قرار دیتے ہین اور کوئی دلیل قوی اوسکی
جعلی اور ان مروجہ حال کے انجیلون کے اصلی ہونے
کی بیان نہین کرتے افسوس ان صاحبون کے عقل
پر کہ جس کتاب کا مضمون موافق عقل اور نقل کے ہو
اور اوسکے پیش گوئیان بعینہ عرصہ ظہور مین آئے
ہین اوسکو تو جعلی اور غیر الہامی قرار دین اور ان
کتابون کو جنکا مضمون برخلاف عقل و نقل کے اور
اور اسکی پیشین گوئیان جنکا وقت ظہور کا بھی گذر
گیا اور ابتک ظہور مین نہ آئین جیسا کہ مسیح نے فرمایا
تھا کہ تم مجھکو بادلونمین اور ترقی دیکھوگے اور
تم مین سے کئے نہ مرینگے عرصہ اٹھارہ سو سال
کا گذر گیا اور ان لوگون کا نام و نشان بھی نہ رہا
اور وہ ابتک ظہور مین نہ آئے اور آپس مین ایسے
مختلف ہین کہ کچھ کہنے کی بات نہین الہامی اور اصلی
قرار دین۔ ع۔ برین عقل و دانش بباید گریست
معلوم ہوتا ہے کہ ان صاحبون کے نزدیک الہامی
اور غیر الہامی ہونے کا بھی فرق ہے۔ بھائیو
یہہ طمع دنیاوی بہت بری چیز ہے جہان تک ہو سکے
اس سے بچو یہہ بڑے بڑے داناؤن کو جال مین
پھنسا دیتی ہے **بیت** بدوزد شرہ دیدہ
ہوشمند۔ در آرد طمع مرغ و ماہی بہ بند۔

اس چند روزہ زندگی کے واسطے اتنی طمع کرکے
ابدی عذابون کا اختیار کرنا داناؤن کا کام نہین
اسکا نتیجہ سوائے پشیمانی کے اور کچھ نہین ہوتا
بیت چہ بندی دل درین دنیا کہ روزے
چند مہمانی - چو ناگہ وقتِ مرگ آید خوری اندم
پشیمانی - بھائیو یہہ عیش و عشرتِ دنیاوی
چند روزہ ہے اسپر کیا دل لگائے بیٹھے ہو
آپ اپنے دوستون کا حال دیکھو کہ کہان گئے
اور اجل نے انکے ساتھ کیا سلوک کیا اور اونکی
وہ شان و شوکت کہان ہے ہمیشہ باغون کی
سیر کرنے مین عمر کو ضایع کرتے ہو ایک وقت
قبرستانمین بھی جاؤ اور اونکا حال دیکھکر
عبرت پکڑو **ابیات** دلاتا کے تماشاءِ
چمنہا شادمان بینی - بیا یکدم بگورستان
کہ حالِ دوستان بینی - کفن آلودہ تن فرسودہ
اندر خاک و خون خفتہ - مثالِ سرمہ وان
از خاک ہر ہرا استخوان بینی - ہمہ اعضا جداگانہ
زبندِ خویش بیگانہ - شدہ غلطان و ویرانہ
سر و چشم و دہان بینی - بسے گل روئے
سنبل سوئے شکین بو و سیمین تن - کہ
از بادِ اجل گشتہ بزنگِ زعفران بینی - فتادہ
نازنینان در مغاکِ گور با پہلو - سیاہ مارا
نشستہ بر بساطِ ارغوان بینی - بسی گردن
فرازان سرنگون در گورہا یابی - بسی طبلہ
نوازان قوتِ مار و اژدہان بینی - بہ مرقدہای
جباران بسی سوراخ افتادہ - بہ تربتہای قہاران
سگان شانہ کنان بینی - بشو مغرور اینہا فل
مال و جاہِ بے حاصل - کہ آخر چند روزے
را زاین بینی نہ آن بینی - تنور ہر دو عالم جوش
طوفانِ بلا دارد - بکشتیٔ شریعت گیر سکن
تا امان بینی - نصیحتہاے **عبداللہ** در دل
دوستان دارند - وگرنہ دشمنان ہر جا
بہ نیکان بدگمان بینی - مگر ساتھ ہی یہہ بھی
یاد رہے کہ اس غفلت اور تعصب اور طمع دنیاوی
کے روئی کو جو آپ نے اپنے کانون مین رکھے
ہوا سکو نکال کر جانا تب انکی نصیحت تمہین سود مند
آئیگی - **بیت** بکن پنبۂ غفلت از گوشِ ہوش
کہ از مردگان پند آید بگوش - بھائیو کیے
عیسائی ہو اور کچھ مسیح نے فرمایا ہے جیساکہ ہمنے
بشارت نمبر ۵ مین لکھا ہے کہ دوزخ سے وہی
رہائی پائین گے جو کہ حضرت محمد الرسول اللہ صلعم
پر ایمان لائین گے اور جو ایمان نہ لائین گے
وہ جہنم مین جائین گے اگر اُن کے کہنے پر عمل
نہ کروگے تو آپ عیسائی بھی کسطرح کہلاؤگے
افسوس کہ آپ دعوی تو کرین کہ ہم عیسائی ہین اور
حضرت عیسیٰ ہی کا کہا نہ مانین - ہم بار بار یہی کہتے
ہین کہ آپ اس غفلت کے حجاب کو اپنی آنکھون
کے سے دور کرو اور دیکھو آپ کو کوئی صورت
نجات کی سوائے تابعداری آنحضرت علیہ الصلوۃ
والتحیت کی نظر نہ آئیگی دیکھو ان بشارتون کو جو

ہمنے بیان کیا کیسے صاف صاف آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیّت کے حق مین ہین اب بھی اگر نہ مانو تو سوائے اسکے اور کیا کہا جائے **مثنوی** بدینسان گشتہ ظاہر آفتابی - بہ پیشِ دیدۂ ایشان حجابی چہ بیند چشمِ نابینا ز خورشید - چہ داند دیو سرِ جامِ سپید - **وما علینا الا البلاغ** - ہمارا کام سمجھانا ہے یارو - پہرا گے چاہے تم مانو نہ مانو - خداوندِ کریم ہم سب کو سیدھے رستہ پر قایم رکھے اور گمراہون کو ہدایت بخشے **آمین ثم آمین یا رب العلمین**

الراقم خاکپای اہل اللہ الراجی الی رحمۃ محمد رحمت اللہ بتالوی خیر خواہِ نصاریٰ

بقیہ مضمون پنڈت عبدالحق کی حالات

سلسلہ کے لئے منشور محمدی نمبر ۳۳ صفحہ ۳۷۰

ایک نام کے ہزارون لاکھون آدمی گذرے ہین بلکہ جتنے نام اس زمانہ مین ہین بیشک اس نام کے لوگ گذرے ہین اور الٹ پہیر کر وہی نام باپ بیٹے پوتے پڑپوتے وغیرہ کے رکھے جاتے ہین ہزارون آدم ولاکھون نوح کرورون ابراہیم بیشمار موسیٰ وبیحد عیسیٰ ومریم وہارون ویوشع ویونس گذرے ہین مگر جو ایک خاص واقع ایک شخص کے ساتھ ہوا ہے وہ دوسرے کے ساتھ نہین اور ایک کو جو ایک امر مختص سے تعلق ہے اوس سے دوسرا متعلق نہین پس اگر کوئی بنا بر شرکتِ اسمی وہی تعلق دوسرے سے بھی تلاش کرے تو بیشک وہ غیر عاقل سمجھا جاویگا سلاطین یورپ مین کتنے ادورڈ و کتنے ہنری علی ہذا القیاس اکبر و شاہجہان کے نام کے بھی کتنے آدمی گذرے ابھی شاہجہان والیہ بھوپال موجود ہین اور انکی دختر نیک اختر سلطان جہان بھی زندہ موجود پس اگر کوئی کہے کہ سلطان جہان شاہجہان کی بیٹی نہین کیونکہ شاہجہان کے زمانہ کو بہت دن گذرے تو وہ بڑا بیوقوف کہا جاویگا اور سب یہی کہینگے کہ کیا ایک نام کا دنیا مین ایک ہی آدمی ہوتا ہے اسیطرح اختِ ہارون وبنتِ عمران پر اعتراض کرنے والا بھی بیوقوف سمجھا جاویگا کیونکہ یہہ دو شخص ہین اور ان دونو کے درمیان مین بہت زمانہ گذرا ہے دیکھو تفسیر بیضاوی مین لکھا ہے یا اخت ھارون یعنون ھارون النبی وکانت من اعقاب من کان معہ فی طبقۃ الاخوۃ وقیل کانت من نسلہ وکان بینھما الف سنۃ وقیل ھو رجل صالح او طالح کان فی زمانہم شبیھوھا بہ تھکما اولما مرا وقیل من صلاحھا او شمو ھا بہ انتھی - اور سورہ آلِ عمران کی آیت اذ قالت امرأۃ عمران کی تفسیر مین لکھا ہے وھذہ حسنہ بنت فاقوذ احدۃ عیسیٰ وکانت لعمران (ابی موسیٰ) بن یصھر بنت اسمھا مریم اکبر من ھارون فظن انہ المراد و زوجتہ ویردہ کفالتہ زکریاء فانہ کان معاصرا لابن ماثان (ای عمران بن ماثان)

وتزوج بنته ایشاع وکان یحیی وعیسی ابی
خالته من الاب انتهی باقی آینده -

روس روم کی لڑائی -

آج کل خرس روس پھر ناچنا چاہتا ہے - روم
کو زمانِ تیغ وتوپ وتفنگ سے اسکا جواب
دینا لازم آیا ہے - دیکھئے کس کروٹ اونٹ
بیٹھتا ہے - سلطنتِ روم مین روسی سازشون
کا خوفناک اثر پھر ظاہر ہوا ہے - چنانچہ اسیواسطے
دو زاید لشکر ترکی مقدونیہ کو بھیجے گئے اور مختار
پاشا بھی مصر سے اس لئے بلائے گئے - اسی
احتیاط سے سلطان المعظم نے اپنی فوج کو سوفوف
نہین کیا تھا کہ اسطرح جلد تر اب اسکے میدان مین
جانے کی ضرورت ہوی - اگرچہ روس ایسی مفسد
سلطنت کا ہمیشہ جنگ مین پھنسا رہنا بعض حکومتون
کے واسطے بہتر ہے اور روم ایسی زبردست
سلطنت سے بہر کر اُسکے زور وشور توٹتے ہی
ہین تو اچھا ہے لیکن اُسحالت مین زیادہ مفید ہے
کہ روم کو ہرقسم کی مدد دیکر روس کی شوکت
توڑ دیجاے تاکہ وہ اور ہمعصرون سے سر
نہ اٹھا سکے - لیکن افسوس کہ یہہ حکمتِ عملی خوب
وخیال ہے - بلکہ روم کو مدد دینے کے بجاے
روس کو مدد دیجاتی ہے - چونکہ سلاطین یورپ
نے دیکھہ لیا ہے کہ بظاہر تو روس مسلمان حکومتون
کا دشمن ہے پھر کیا ضرور ہے کہ اس سے مخالفت
اختیار کیجائے اسواسطے بڑے بڑے ضروری
موقعون پر کوئی چون نہین کرتا حتی کہ زبردست
سمجھکر اب سب اسی کا دم بھرتے ہین - یہہ وہ وقت
ہے کہ تمام سلاطین روس سے آنکھہ نہین ملا سکتے
بڑی بڑی مقتدر سلطنتین روس سے دبتی ہین
اور وہ جو چاہتا ہے کر گزرتا ہے گویا تمام دنیا
کی شہنشاہی انھین ذاتِ شریف کے حصے
مین آگئی ہے - اور تو اور کسی بادشاہِ اسلام
مین بھی قوہ اور مذہبی حرارت اور ہمت وحمیت
باقی نہین رہی کہ وہ کسیطرح کا ساتھ دین - بلکہ
بجاے سلطان کے مدد کرنے کے بہت سے
بادشاہ روس کی مدد کرنا اپنا فرض سمجھتے ہین
دیکھو ایران نے کس درجہ روس کی غلامی اختیار
کی ہے بخارا کیسا ابن الوقت بنا ہے خوانین
خیوا وغیرہ کیسے دم بخود ہین - مرو وغیرہ کے
تقی ترکمان باشندون نے کیسی ہمت ہاردی
ہے - امیر کابل تو پنجدہ کی ایک ہی لڑائی مین
لوہا مان گئے - مصر اور تیونس بھی سلطان کو کمزور
سمجھکر برائے نام فرمان برداری کا دم بھرتے
ہین - اور بطور خود جو چاہتے ہین کرتے ہین -
جب یہہ حال مسلمان بادشاہون کا ہے تو جسقدر
زور اس سوذی کا نہو تھوڑا ہے - شیر انگلستان
وہندوستان کو اپنے حلم وبردباری کے سبب
بہت کم غصہ آتا ہے - ورنہ یہہ چاہتا تو سیدھا
کر سکتا تھا - دیکھو پچھلی جنگ روم وروس

مین اگر گورنمنٹ انگریزی طرح نہ دیتی تو کاہیکو
اب روس افغانستان مین نازل ہوتا اور کیون
قیصر ہند کو حد سے زیادہ تردد کرنا پڑتا۔ اب بھی
ترکون کے دوست بنانیکا وقت باقی ہے۔
انگلستان کے مدبر جو چین وغیرہ کے گانٹھنے
کی تجویز کرتے ہین اور ایران کی روسی دوستی
کو رشک کی نگاہون سے دیکھتے ہین۔ یہ سب
فضولی اور بیفائدہ باتین ہین۔ اگر یار نباتا ہے
تو ترکون ہی کو نبائین۔ جو قدیم دوست ہین۔
اور شجاعت اور وفاداری مین سب سے نمبر
اول ہین۔ ورنہ
گر ہمین انگلش ست و آن روسی۔
کار ترکان تمام خواہد شد!

کوائف ملک برہمہ

۱۹ اگست کو رنگون سے یہ خبر آئی کہ سنڈالہ اور
شیوی بو کے اضلاع مین امن بحال ہے اور
زابین کے قریب موناموی ندی کے کنارے باغیون
کی ایک جماعت سے مقابلہ ہوا ہمارے ۱۱ سپاہی
زخمی ہوے اور دشمن کے ۱۰ مقتول اور کئے
مجروح ہوے سارجنٹ رجنٹ کا دستہ
اور ۲۵ مدراس انفنٹری نگیان کو پہونچکر وہان
کی پولس کی تائید سے باغیون پر حملہ کیا۔
جس مین ۷ باغی مارے گئے۔
کنڈات سے ۱۲ ماہ رواں کو یہ خبر آئی کہ تانڈو
سے روانہ ہوی تھی سو مہم بغیر کسی روک و
ٹوک کے واپس ہو گئی کنڈات کی فوج مین
بخار عالمگیر سے ایک ہمعصر کے مراسلہ نگار
تحریر آرا ہین انگریزی علاقہ مین بارش کے بدولت
امن بحال ہے اگر برسات بھی یہی حال رہی تو
سمجھو کہ امن بحال ہے اپر برہمہ خصوصًا علاقہ
بہاہون کی خبرین تسلی بخش نہین ہین تاہم
سرکار نے دوامی قبضہ کر لینے کا بندوبست
کیا ہے۔ اب تمامی محکمجات مین بجاے برٹش
برہما کے برہمہ کا لفظ باقی رہا۔ ابھی خبر آئی
کہ منجمان اور چوئیان مین سخت حملہ ہوا جس مین
طرفین کے بہت آدمی مقتول و مجروح ہوے۔
اب فی الحال بمقام تہیت ماؤ پر کہ جو لور برہمہ کا
سرحدی فوجی مقام ہے دشمن کا ہجوم ہے
فوجین آسپاس سے جمع ہو رہے ہین۔ اس
موسم بارش مین آج کل یہان ایک مرض
پیدا ہوا ہے کہ چند روز کے عرصہ مین ڈاڑھی و مونچھ
کے بال فنا ہو جاتے ہین بڈھے بڈھے امرد
نظر آتے ہین چنانچہ جہاز کے کل ملازمون
کی ڈاڑھی و مونچھ ہوا ہو گئے اور ہمارے
سپاہیون کے مونچھ کے بال بھی کم نظر
آتے ہین پس جو لوگ ڈاڑھی مونچھ سے نفرت
رکھتے ہین وہ اوس ملک مین جائین سفت
بے صرف چار ابرو کا صفایا کر لیکے مراجعت
کرین۔ یہان کمسریت ڈیپارٹمنٹ ان آفت
زدگون کو غذا پہونچاتے ہی برہمہ مین کل نئی

تعمیر کرنے کے قصد سے سر جارلس برنارڈ نے
سکرٹری آف اسٹیٹ کے حضور مین ایک
برآورد پیش کیا جسکی منظوری بھی ہوگئی
جسمین ریلوے اور ٹیلیگرام کے لئے دو لاکھ
پچاس ہزار روپیہ اور دوسرے سویلین امورات
کے لئے ایک لاکھ پچاس ہزار ستون کی
تعمیر کے لئے دو لاکھ تیس ہزار اور نہر وغیرہ کی
لئے ایک لاکھ پچاس ہزار اور مکانات کی
تعمیر و ترمیم کیلئے دو لاکھ بیس ہزار روپیہ
ہے - ڈاکٹر ہنٹر نے پارلمنٹ مین کہا کہ جب
تک برہمہ کا کوئی رئیس زادہ بطور پرنس آف
برہمہ کے مامور نہ کیا جائیگا تب تک وہان کی
گڑبڑ دبنے والی نہین ہے اور مدراس
پرسڈنسی سے اور آٹھ ہزار لشکر برہمہ کو جانے
کا حکم ہوا ہے - اور کمانڈان چیف مع اجینٹ
جنرل آیندہ دوشنبہ و یا شنبہ کو اوٹکمنڈ
سے مدراس آوین گے اور فوراً اسٹیمر سوار
ہوکر راہی رنگون ہون گے یقین ہے کہ ۱۵
وین سپٹمبر تک سنڈالہ مین ہیڈکوارٹر رہیگا
۱۸ وین کو کئی پو تک کنوا نامی مقام کے قریب
۲۱ وین مدراس رجمنٹ کے ایکسو تیس سپاہیون
سے لفٹن بکنس کے ماتحت دو ہزار باغیون پر
حملہ کیا اور پچاس باغیون کو قتل کیا اور اوسی
تاریخ کو لفٹن اسمت ۴۰ سواردن کے ہمراہ "
سیگان سے نکلکر تہت دے اور من نور

کے باغیون پر سامون کے متصل حملہ کیا اور
اونکو استوار گڑہی سے ۳۲ باغیون کے نقصان
کے ساتھ بہگا دے ان مقتولون مین بہوبینیو
بھی تھا مگر ہمارے طرف ایک پولس میان مارا
گیا اور وہ ہمشیر رجمنٹ کے سو لجر اور ایک "
پولس میان زخمی ہوا -
۲۱ اگست کو رنگون سے خبر آئی کہ ۲۲ ماہ منہ کو
رنگون گزٹ کا مراسلہ نگار تار دیتا ہے کہ
گذشتہ پنجشنبہ کو مشتر کالی کہوم اور کپتان
اسمت ہمشیر رجمنٹ کے ۴۲ سو لجر ۱۵ انجالی
اور ۳۰ برمیون کے ہمراہ تہیامو پر حملہ کرنے
اور ہولاؤ نامی مشہور سرخیل مع ایک لفٹن
اور سو ہمراہی کے مارے پڑے اور ہمارے
جانب ایک جمعدار مارا پڑا اور دو سو لجر اور تین
ملکی آدمی زخمی ہوے -
سنڈالہ سے تار آیا کہ کیونک سی کا پرنس پلین
سنگہ ۱۳ ماہ منہ کو بخار سے فوت ہوا -

خلاصۂ اخبار تار

صوفیہ ۲۲ اگست یہان کل کے روز
ایک بڑا دنگہ ہوا اور یہان کی کل فوج اور باشندے
پرنس الگزنڈر کے محل کے اطراف گھیر لیکر اوسکو
اپنے تخت سے اترنے اور شہر کے باہر چلے
جانے کے لئے مجبور کئے اسکے بعد اون باغیون
کی ایک بڑی سی مجلس بلغاریون کی نمک

حلالی و وفاداری اور نیک نیتی جو زار روس کے ساتھ رکھتے ہین ثابت کرنے اور اس نیت کی ایک عرضداشت زار روس کو دینے کے لئے منعقد ہوی ایک ڈپوٹیشن روسی ایجنٹ کے روبرو جاکر اپنا خلوص گزکون پر کہکر عرض کی کہ ہم سمجھتے ہین کہ زار ہماری قدر و حفاظت کرے گا اسکے جواب مین روسی ایجنٹ یہہ بیان کیا کہ تم سب خاطر جمع رہین اسکا معقول بندوبست کرونگا اور زار روس بھی اس تمہاری وفاداری کو ہرگز فراموش نکریگا اس عذر مین خون ریزی نہین ہوی۔

مانشیر کراولاف جو بلغاریہ کا وزیر اعظم ہے اور اوسکا دوست مانشیر زلکاف یہہ دونون یہان کے باشندون کو اشتعالک دئے اور فتنہ و فساد کی آگ کو بھڑکا رہے تھے اور جمہوری گورنمنٹ کے جانب سے ایک منادی ملک مین پھیری گئی کہ پرنس الگزنڈر اپنی تخت و تاج سے معزول ہوگیا اسلئے کہ اوسکی سرگردگی سے بلغاریہ مین بڑا نقصان ہونے کی امید تھی اور یہان کے گرانڈ نیاشنل اسمبلی آیندہ کی کارروائی کی بندوبست مین مصروف ہوگی۔ فی الحال بلغاریہ کے لوگ زار روس کی حفاظت واسطے مین ہین۔

لنڈن ۲۴ ستمبر۔ جیمس فرگوسن نے یہہ کہا کہ ملک عالیہ کی گورنمنٹ افغان بونڈری کمیشن کے مقدمات فوراً تمام کو پہونچانے کے لئے روسی گورنمنٹ سے بندوبست کی ہے اور اُن مقدمات کے فیصل کیلئے دونون گورنمنٹ کے فیمابین راست خط و کتابت ہو رہی ہے۔

گلزار اخبار

باوجود انکم ٹیکس کے گورنمنٹ ہند کو قلت زر تنگ کر رہی ہے۔

لونبر مین لارڈ ڈفرن ایک عالیشان دربار لاہور مین کرینگے

ڈاکٹر لٹنیر کمال نمکحرامی سے صاحبان انگریز کی بدی عوام مین پھیلا رہے ہین۔

انکم ٹیکس کے پردے مین گورنمنٹ کے نام سے ناگفتہ بہ ظلم ہو رہے ہین۔

ایک خطاب ان والیان ریاست کے لئے زیر تجویز ہے جو حکومت مین لیاقت دکھائین۔

پچاس آدمیون کو ہندوستانمین ایکے سی اس آئی کا خطاب ملنے والا ہے۔

مہاراجہ دلیپ سنگھ کے رویہ نے خالصہ پنجاب کو گورنمنٹ کی ہمدردی جکڑ دیا۔

فساد بربہ کے فرو کرنے کی آخری کوشش مین کامیابی کی امید کی گئی ہے۔

روس نے ایران کی سازش سے سیستان تک سلسلۂ ریل کا بندوبست کیا ہے۔